© rasailojaraid.com



## کیا شراب کو سرکہ بنا لینا جائز ہے؟

سوال : اگر شراب کو سرکہ میں تبدیل کر لیا جائے تو کیا اس کا استعمال جائز ہے؟

جواب : شراب کو سرکہ میں تبدیل کر لینا جائز ہے اور پھر اس کا استعمال بھی درست ہے "کتاب الاموال" میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے کوفہ میں اپنے عامل کو ہدایت کی کہ وہ راستوں میں شراب کی نقل وحمل کی اجازت نہ دیں اور اگر کہیں شراب ملے تو اسے سرکہ بنا دیں چنانچہ اس ہدایت پر "واسط" میں کشتیوں میں پائی جانے والی شراب کو پانی اور نمک ملا کر سرکہ بنا دیا گیا اسی طرح امام محمدؒ نے "الحجج" میں حضرت ابوالدرداءؓ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ شراب سے بنائے ہوئے سرکہ کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## احادیث جمع کرنے کے بارے میں عمر بن عبدالعزیزؒ کا حکم

سوال : کہا جاتا ہے کہ امیرالمومنین حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے احادیث نبوی جمع کرنے کا باقاعدہ حکم دیا تھا اس کا کوئی حوالہ ہو تو درج فرمائیں؟

جواب : صحیح بخاری کے شارح امام ابن حجر عسقلانیؒ نے فتح الباری باب کیف یقبض العلم کے تحت نقل کیا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ۹۹ھ میں منصب خلافت سنبھالتے ہی تمام عمال کو لکھا کہ

"انظروا حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجمعوہ"

احادیث نبوی کو ڈھونڈو اور جمع کرو

چنانچہ اس حکم کی تعمیل میں مدینہ منورہ کے قاضی ابوبکر بن عمرو بن حزمؒ، امام محمد بن عبداللہ شہاب زہریؒ اور دوسرے محدثین نے احادیث کے کئی مجموعے ترتیب دیئے۔

## کیا ۱۹۷۳ء کا دستور اسلامی دستور ہے؟

سوال : کیا ملک کے موجودہ دستور کو اسلامی دستور کہا جا سکتا ہے؟

جواب : ہمارے ملک کا رائج الوقت دستور جو ۱۹۷۳ء کا دستور کہلاتا ہے پہلے تمام

© rasailojaraid.com